اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت امام اہلسنّت شاہ **مولانا احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن کے ارشادات کا مجموعہ

مع تخریج و تسہیل

مسمّٰی بنام تاریخی **اَلملفوظ** ۱۳۳۸ھ

معروف بہ

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت

مکمل 4 حصے

مؤلف: شہزادۂ اعلیٰ حضرت، تاجدارِ اہلسنّت، مفتیٔ اعظم ہند حضرت علامہ مولانا

محمد مصطفےٰ رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

مکتبۃ المدینہ
(دعوتِ اسلامی)
SC 1286

المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسَمّٰی بنامِ تاریخی

اَلمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیِ اعظم ہند

حضرتِ علامہ مولانا محمد مصطفٰے رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

2 / 4

www.sirat-e-mustaqeem.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلۡمَدِیۡنَۃُ الۡعِلۡمِیّۃ

سنِ طباعت: 12 جُمادَی الاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مَکۡتَبَۃُ الۡمَدِیۡنہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

E.mail:ilmia26@dawateislami.net
E.mail.maktaba@dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

مَدَنی التجاء: کسی اور کو یہ (تخریج شدہ) کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔

توکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: توکّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد علی الاسباب کا ترک ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ٢٤ ص٣٧٩) **یعنی** اسباب ہی کی چھوڑ کر دینا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

نے اُس طرف مارا اُس نے اِس طرف منہ پھیر لیا۔ فرمایا: ''ہم نے نہیں کہا تھا کہ ہمارے مہمانوں کو نہ ستانا، جا چلا جا!'' شیر اٹھ کر چلا گیا۔ پھر ان صاحبوں سے فرمایا: ''تم نے زبانیں سیدھی کی ہیں اور ہم نے قلب سیدھا کیا۔'' یہ اُن کے خطرے کا جواب تھا۔ (الرسالة القشيرية ،باب كرامات الاولياء،ص ۳۸۷،ملخصًا)

مندر میں نماز پڑھنا کیسا؟

عرض : مندر میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟

ارشاد : اگر وہ کفار کے قبضہ میں ہے تو مکروہ وممنوع ہے کہ وہ ماوائے شیاطین (یعنی شیطانوں کا ٹھکانا) ہے اور اول تو مندروں میں جانا ہی کب جائز ہے! (ردالمحتار، كتاب الصلوة،باب تكره الصلوة......الخ، ج ۲، ص ۵۳)

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا یقینِ کامل

ایک روز بعد نماز ظہر باہر تشریف فرما ہوئے۔ عالی جناب، فواضلِ اکتساب مولوی چودھری عبدالحمید خاں صاحب رئیس سہاور مصنف ''کنز الاخرۃ'' بھی حاضر تھے۔ ان سے ارشاد فرمایا کہ اِس بار مجھے ۳۴ دن کامل بخار رہا۔ کسی وقت کم نہ ہوا۔ انہوں نے عرض کیا: جاڑا (یعنی سردی کا بخار) بھی آتا تھا؟ اِس پر ارشاد ہوا: ''جاڑا، طاعون اور وبائی اَمراض جس قدر ہیں اور نابینائی و یک چشمی، برص، جُذام وغیرہ وغیرہ کا مجھ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وعدہ ہے کہ یہ امراض تجھے نہ ہوں گے جس پر میرا ایمان ہے۔''

''بخار اور دردِ سر'' مبارک امراض ہیں

﴿پھر فرمایا﴾ اِس میں بھی خوف ہے کہ کوئی مرض نہ ہو۔ بِفَضْلِہٖ تَعَالٰی بخار و دردِ سر و دردِ کمر تو اکثر رہتا ہے۔ ایک مرتبہ کمر میں بہت شدت سے درد ہوا اور اس کا اثر اَعصاب پر پڑا کہ ہاتھ سیدھا نہ ہوتا تھا۔[1]

﴿پھر فرمایا﴾ ''بخار و دردِ سر تو مبارک امراض ہیں کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو ہوا کرتے۔''

[1] : اللہ اکبر! کام اِس حالتِ علالت میں بھی نہ چھوٹتا۔ اِسی مرتبہ کا واقعہ ہے کہ دوات سینۂ اقدس پر رکھوالی اور لیٹے لیٹے ہی تحریر فرمایا۔ ۱۲ مؤلف غفرلہٗ